# کامیاب مقرر کے 150 اعمال واوصاف

---

حضرت مولانا محمد نعمان صاحب
استاذ الحدیث جامعہ انوار العلوم مہران ٹاؤن کورنگی کراچی

1. اخلاص اپنائیں
2. زندگی میں عمل ہو
3. تقوی اور خشیت الٰہی کا اہتمام کریں
4. اتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم اختیار کریں
5. ظاہری وضع قطع شریعت کے مطابق ہو

6. موضوع کا انتخاب کیا جائے
7. موضوع کی مناسبت سے آیات، احادیث اور آثار کا انتخاب کریں
8. اسلافِ امت کے واقعات، تجربات اور مشاہدات بیان کریں
9. آغاز اور اختتام نرالہ ہو
10. تحمل مزاجی اور برداشت پیدا کریں

11 سنجیدگی کو اپنائیں

12 مزاج میں نرمی اور ٹھہراؤ لے کر آئیں

13 خیر خواہی اور نفع رسانی کا جذبہ رکھیں

14 لایعنی اور بے مقصد گفتگو سے اجتناب کریں

15 بغیر تیاری اور مطالعہ کے بیان نہ کریں

16 وقت کی پابندی کریں

17 بیان کے دوران ترتیب وار اشیاء ذکر کریں

18 بیان نرم اور دھیمے لہجے میں کریں

19 اللہ رب العزت، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام اور سلف کا تذکرہ ادب اور دعائیہ کلمات کے ساتھ کریں

20 اصلاح فرد اور معاشرے سے متعلق عنوانات کا انتخاب کریں

21 تیاری کے لیے چار ذرائع استعمال کریں: (۱) مطالعہ۔ (۲) سماعت۔ (۳) مشاہدات۔ (۴) تجربات۔

22 صحتِ تلفظ کا خیال رکھیں

23 موقع محل کی مناسبت سے آواز میں اتار چڑھاؤ پیدا کریں

24 نامور مقررین کو سنتے رہیں

25 تذکیر و تانیث اور واحد جمع کی غلطی سے بچیں

26. آیات،احادیث اور عربی عبارات کو عربی لہجے میں پڑھیں

27. غیر مستند روایات اور واقعات سے گریز کریں

28. حدیث،اہم بات اور واقعہ کا حوالہ ضرور دیں

29. شعر کو اس انداز سے پڑھیں کہ معلوم ہو کہ شعر پڑھا جا رہا ہے

30. چہرے کے تاثرات اور ہاتھوں کی حرکات گفتگو کے مطابق ہونی چاہیے

31 بیان کے دوران نہایت عام فہم اور سہل الفاظ استعمال کریں

32 خود پسندی سے اجتناب کریں

33 بے جا انکساری سے بچیں

34 بے معنی تکرار سے بچیں

35 مترادف الفاظ، عمدہ تشبیہات اور استعارات کو زیادہ استعمال کریں

36 غیر ضروری طوالت سے گریز کریں

37 تکیہ کلام سے بچیں

38 تقریر کا اختتام اچھے اسلوب میں کریں

39 فحش اور بے ہودہ مذاق سے بچیں

40 کسی کا نام لے کر تنقید نہ کریں

41 کسی کی ذاتیات پر حملہ نہ کریں

42 وقت سے پہلے آنے کی عادت بنائیں اور مقررہ وقت پر اپنی بات ختم کر دیں

43 نصوص وواقعات سے نتائج اخذ کر کے معاشرے پر تطبیق دیں

44 متقدمین متأخرین اور معاصرین تمام کی تحریروں سے استفادہ کریں

45 احساس برتری سے بچیں

46 لہجے کی سختی اور طنزیہ گفتگو سے بچیں

47 منفی باتوں اور فروعی مختلف فیہ مسائل کو بیان کرنے سے گریز کریں

48 کسی کی نقل نہ اتاریں

49 اپنے بیانات کی ریکارڈنگ تنہائی میں خود بھی سنیں

50 بیان سے پہلے دو رکعت صلوۃ الحاجت پڑھ کر اللہ سے دعا کریں